دفتر مقام معظم رهبری
www.leader.ir

## رہبر معظم کا صوبہ بوشہر میں زلزلہ کے بعد عوام کے نام پیغام - 9 /Apr/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای نے صوبہ بوشہر میں آنے والے شدید زلزلہ کے بعد اپنے پیغام میں متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار اور ان کے لئے صبر و اجر کی دعا طلب کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صوبہ بوشہر میں زلزلہ کے دردناک حادثے میں جانی اور مالی نقصان کی خبر سن کر نہایت ہی افسوس اور غم و اندوہ ہوا ہے۔

اللہ تعالی کی بارگاہ سے جاں بحق افراد کے لئے رحمت و مغفرت ، زخمیوں کے لئے جلد از جلد شفایاب ہونے اور پسماندگان کے لئے صبر و اجر کی دعا کرتا ہوں نیز صوبہ میں نمائندہ ولی فقیہ ، صوبائی حکام اور مرکز میں متعلقہ حکام کو سفارش کرتا ہوں کہ وہ بھر پور انداز میں متاثرہ افراد کی نجات اور مالی نقصان اٹھانے والوں کی پشتیناہی کریں، اور امید ہے کہ ملک بھر کے عوام بھی ہمیشہ کی طرح متاثرہ افراد کے رنج و غم اور مصائب کو کم کرنے میں اپنا اہم نقش ایفا کریں گے۔

والسلام علیکم و رحمہ اللہ
سید علی خامنہ ای
20/فروردین ماہ/1392